سوال

(26) کیا قرآن کی تعلیم وتلاوت کی اجرت لینا جائز ہے۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قرآن کی تعلیم وتلاوت کی اجرت لینا جائز ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علماء کا اس میں اختلاف ہے۔جمہور جواز کے قائل ہیں۔ حنفیہ منع کرتے ہیں۔ مگر متاخرین حنفیہ نے تعلیم کی اجرت کو جائز قرار دای ہے۔ بعض حنفیہ نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے۔ قرون اولیٰ میں علماء کو روزینہ ملتا تھا۔ اس واسطے ان کو اجرت لینا عوام سے درست نہیں۔ تھا۔ اب چونکہ علماء کو بیت المال سے کچھ نہیں ملتا۔ اس واسطے اب لے سکتے ہیں۔ (جلد نمبر 20 ش 44 الاعتصام)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 12 ص 124

محدث فتویٰ